Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 جمعتہ المبارک، 17 اپریل 2026ء، 28 شوال المکرم 1447ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 06

لاہور تا راولپنڈی پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین چلائی جائے گی

پنجاب حکومت، ریلویز کے درمیان تاریخ ساز ایم او یو، پنجاب میں فاسٹ ٹرین اور 8 لوکل روٹس پر جدید ترین ٹرینیں چلائی جائیں گی، صوبائی حکومت علاقائی روٹس پر جدید ترین ڈی ایم یو ٹرین مہیا کرے گی

پنجاب حکومت کی معاونت سے 9 روٹس پر تقریباً 9 کروڑ افراد مستفید ہوسکیں گے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے ایم او یو پر دستخط کئے

جدہ: وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جدہ میں ولی عہد اور سعودی عرب کے وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود سے ملاقات کی

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب اور پاکستان ریلوے کے درمیان تاریخ ساز ایم او یو پر دستخط کردیئے گئے جس کے تحت لاہور سے راولپنڈی کے درمیان پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین چلائی جائے گی جو سوا دو گھنٹے میں سفر طے کرے گی، پنجاب میں فاسٹ ٹرین اور 8 لوکل روٹس پر جدید ترین ٹرینیں چلائی جائیں گی، پنجاب حکومت علاقائی روٹس پر جدید ترین ڈی ایم یو ٹرین مہیا کرے گی۔ تاریخ ساز ایم او یو پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم (بقیہ نمبر 1)

اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے پر مبارکباد

وزیراعلیٰ کا پاک بحریہ کے اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے پر اظہار تشکر

فیلڈ مارشل، نیول چیف ایڈمرل اور بحری دفاع کیلئے کوشاں ٹیم کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاک بحریہ کے اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے پر اظہار تشکر کیا اور اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے پر پاک بحریہ اور پوری قوم کو مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف کی قیادت میں بحری دفاع کے لئے شب (بقیہ نمبر 2)

دریاؤں کے حفاظتی بندوں کے سروے کا فیصلہ

ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حفاظتی اقدامات تیز کرنے کے مشترکہ سروے کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے مون سون سیزن سے قبل دریاؤں کے حفاظتی بندوں کے سروے کا فیصلہ کرلیا۔ وفاقی حکومت نے ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حفاظتی اقدامات تیز کرتے ہوئے مشترکہ سروے کی منظوری دے دی ہے۔ فیڈرل فلڈ کمیشن نے چاروں صوبوں کے محکمہ آبپاشی کو باضابطہ مراسلہ جاری کردیا ہے، (بقیہ نمبر 5)

ٹائم سکیل پروموشن کی واپسی غیر قانونی قرار

لاہور ہائی کورٹ کا اساتذہ سمیت سرکاری ملازمین کی اپ گریڈیشن بحال کرنے، مالی فوائد ادا کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری ملازمین، خصوصاً اساتذہ اور ڈائریکٹرز فزیکل ایجوکیشن کی ٹائم سکیل پروموشن کی واپسی کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اہم تحریری فیصلہ جاری کر دیا ہے۔ جسٹس راحیل کامران نے محمد سلطان شاہد سمیت دیگر درخواست گزاروں کی درخواستوں پر 13 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ سنایا، جسے (بقیہ نمبر 4)

ڈیجیٹل فیول مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کیلئے اہم پیشرفت

حکومت کی جانب سے پیٹرول پمپس اسٹاف کو فیول مینجمنٹ سسٹم، فیول ایپ پر تربیت دی جارہی ہے

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل فیول مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کے سلسلے میں 12 ہزار پیٹرول پمپس کے لئے 24 ہزار موبائل ڈیوائسز کی خریداری مکمل کرلی گئی۔ موبائل فونز آگرا کے ذریعے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے حوالے کردیے گئے۔ ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق ڈیجیٹل فیول مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کے لئے موبائل (بقیہ نمبر 3)

مدینہ: وزیراعظم محمد شہباز شریف کو مدینہ منورہ میں مسجد نبوی میں روضہ رسول ﷺ پر حاضری کا شرف حاصل ہے

اٹک، بھکر، حافظ آباد، خانیوال، لیہ، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین اور اوکاڑہ میں الیکٹرو بسیں دی جائیں گی

10 اضلاع میں نئی الیکٹرو بسیں دینے کی منظوری

گوجرانوالہ اور فیصل آباد میں ماس ٹرانزٹ سسٹم پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ، میٹرو بس اسٹیشن کی تعمیر و مرمت جلد مکمل کرنے کی ہدایت

ہر ڈویژن میں الیکٹرو بسوں کیلئے خصوصی بس ڈپو قائم کرنے کا فیصلہ، پنجاب میں پہلی ای ٹیکسی سکیم پر پیشرفت کی رپورٹ پیش

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، تحصیل لیول پر 1500 الیکٹرک بسیں چلانے کیلئے پلان طلب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے مزید 10 اضلاع میں نئی الیکٹرو بسیں دینے کی منظوری دے دی ہے۔ اٹک، بھکر، حافظ آباد، خانیوال، لیہ، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین اور اوکاڑہ میں الیکٹرو بسیں دی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں گوجرانوالہ اور فیصل آباد میں ماس ٹرانزٹ سسٹم پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میٹرو بس اسٹیشن کی تعمیر و مرمت جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور نئے ڈیزائن کی منظوری بھی دی۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بتایا گیا کہ فری ٹرانسپورٹ کے تحت 21 روٹس پر روزانہ سوا لاکھ مسافر مستفید ہو رہے ہیں جبکہ فری ٹرانسپورٹ پروگرام کے تحت بسوں کے 3560 ٹرپ مکمل ہوئے۔ ماہ رواں میں 100 الیکٹرو بسیں، مئی کے وسط تک 350 اور جون کے آخر تک 264 الیکٹرو بسیں پنجاب پہنچ جائیں گی۔ اجلاس میں ہر ڈویژن میں (بقیہ نمبر 16)

وزیراعلیٰ پنجاب لوکل روڈز پروگرام پر پیشرفت جاری

صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے لوکل روڈز پروگرام پر پیش رفت جاری ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں لوکل روڈز پروگرام کے تحت دیہی رابطہ شاہراہوں کی بحالی (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم کا ترکیہ میں سکول پر حملے میں قیمتی جانی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار

جدہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ترکیہ میں سکول پر حملے میں قیمتی جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو سماجی رابطے کی ویب (بقیہ نمبر 7)

پاکستان کو سعودی عرب سے 2 ارب ڈالر موصول، رول اوور کی پابندی بھی ختم

یہ مالی معاونت پاکستان کی بیرونی فنانسنگ ضروریات کیلئے نہایت اہم وقت پر فراہم کی گئی ہے، ذرائع وزارت خزانہ

حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اپنے اہداف کے مطابق ذخائر کو تقریباً 18 ارب ڈالر تک لے جانے کیلئے پرعزم

کراچی (این این آئی) پاکستان کو سعودی عرب سے دو ارب ڈالر کے ڈپازٹ موصول ہوگئے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سعودی عرب سے دو ارب ڈالر پاکستان کو موصول ہوگئے ہیں، سعودی عرب نے 5 ارب ڈالر ڈپازٹ کو طویل مدت کیلئے توسیع بھی دے دی ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق سعودی عرب کا موجودہ 5 ارب ڈالر کا ڈپازٹ اب سالانہ (بقیہ نمبر 8)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں چلڈرن ہسپتال فیصل آباد کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک بحریہ کا مقامی ساختہ اینٹی شپ میزائل کا کامیاب تجربہ

میزائل نے طویل فاصلے پر ہدف کو انتہائی درستی اور برق رفتاری سے نشانہ بنایا، آئی ایس پی آر

صدر مملکت آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور عسکری قیادت کی کامیاب تجربے پر ٹیم کو مبارکباد

راولپنڈی (این این آئی) پاک بحریہ نے مقامی ساختہ اینٹی شپ میزائل کا کامیاب تجربہ کیا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق میزائل نے طویل فاصلے پر ہدف کو انتہائی درستی اور برق رفتاری سے نشانہ بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف (بقیہ نمبر 22)

9 مئی مقدمات، فواد چوہدری کی عبوری ضمانت میں توسیع

فواد چوہدری کی ایک دوزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں نو مئی جلاؤ گھیراؤ کے پانچ مقدمات میں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران عدالت نے فواد چوہدری کی ایک دوزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی۔ عدالت نے عبوری ضمانت کی درخواستوں میں 7 مئی تک توسیع کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر وکلاء سے دلائل طلب کرلیے۔ انسداد (بقیہ نمبر 9)

ساہیوال، ڈاکٹر ریحان سرفراز موٹرسائیکل حادثہ میں جاں بحق

ساہیوال (این این آئی) مشن چوک میں جامعہ رحمیہ دینی درس گاہ کے ڈاکٹر ریحان سرفراز ٹریفک حادثہ میں جاں بحق ہوگئے۔ واقعات کے مطابق ڈاکٹر ریحان سرفراز اپنی موٹرسائیکل پر شہر آئے تو مشن چوک (بقیہ نمبر 10)

ترقی پذیر ممالک قرضوں کے دباؤ کا شکار ہیں، وزیر خزانہ

سرمایہ کاری صلاحیت متاثر ہو رہی ہے، اگرچہ داخلی اصلاحات نہایت اہم ہیں اور ان پر عملدرآمد جاری ہے

عالمی مالیاتی نظام میں ساختی رکاوٹیں قرض لینے والے ممالک کے لیے دستیاب پالیسی گنجائش کو محدود کر رہی ہیں، تقریب سے خطاب

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ترقی پذیر ممالک قرضوں کے دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں، جس سے ان کی سرمایہ کاری صلاحیت متاثر ہو رہی ہے۔ واشنگٹن ڈی سی میں عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاسوں کے موقع پر باروررز پلیٹ فارم کے اجرا کی تقریب میں شرکت کے موقع پر وفاقی وزیر برائے خزانہ و ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ بڑی تعداد میں ترقی (بقیہ نمبر 17)

اے این ایف کی کارروائیاں 17.4 کلوگرام منشیات برآمد

3 ملزمان گرفتار، کارروائیاں کوہاٹ، چارسدہ اور ملتان میں کی گئیں

کوہاٹ، چارسدہ، ملتان (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف شہروں میں 3 کارروائیوں کے دوران 17.4 کلو گرام منشیات برآمد (بقیہ نمبر 23)

لاہور، صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان، صوبہ بھر میں سول مقدمات کو ڈیجیٹل کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب کی صدارت کر رہے ہیں

سی ڈی اے بورڈ کا سال 2026ء کا چوتھا اجلاس

اجلاس میں جناح میڈیکل کمپلیکس اینڈ ریسرچ سینٹر کیلئے اضافی ایکڑ اراضی H-11/1 کی درخواست پر الاٹمنٹ کی منظوری دی گئی

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کیلئے سائنٹفک لینڈفل سائٹ کی تعمیر کے حوالے سے ورکنگ کی جائے، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی زیر صدارت جمعرات کے روز سی ڈی اے بورڈ کا سال 2026 کا چوتھا اجلاس سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں منعقد ہوا۔ جسمیں ممبر ایڈمن اسفندیار بلوچ، ممبر اسٹیٹ زمان وٹو، ممبر فنانس و پلاننگ اینڈ ڈیزائن محمد عمیر، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا اور پروفیسر ڈاکٹر محمد علی وائس چانسلر (بقیہ نمبر 11)

ایف آئی اے کی کارروائی، ویزا فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی کے انسداد انسانی سمگلنگ سرکل نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے مائیگرنٹ سمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم ظفر حسین کو لاہور میں چھاپہ مار کارروائی کے دوران گرفتار کیا گیا، ملزم شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کے نام پر بھاری رقوم (بقیہ نمبر 24)

مدینہ منورہ: وزیراعظم شہباز شریف نے مدینہ منورہ میں مسجد نبوی میں روضہ رسول ﷺ پر حاضری دی

گیس بندش اور لو پریشر کی شکایات میں ہوشربا اضافہ

سوئی ناردرن گیس کمپنی کا شارٹ فال ہزار ایم ایم سی ایف ڈی سے تجاوز کرگیا

لاہور (این این آئی) گیس بندش اور لو پریشر کی شکایات میں ہوشربا اضافہ ہوگیا جس کے باعث شہریوں کا جینا محال ہوگیا۔ سوئی ناردرن گیس کمپنی کا شارٹ فال (بقیہ نمبر 25)

وزیر خزانہ کی ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے ملاقات

پاکستان اور ADB کے درمیان تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے واشنگٹن ڈی سی میں ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاسوں کے موقع (بقیہ نمبر 12)

کلرک ای ٹی او کے نام پر رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے کلرک کو ای ٹی او کے نام پر ایک لاکھ روپے رشوت لیتے ہوئے اینٹی کرپشن ٹیم نے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا اور ملزم سے رشوت لی گئی رقم برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا دائرہ کار وسیع (بقیہ نمبر 13)

غیرت کے نام پر لڑکی کو قتل کرنیوالے دیگر 5 مشتبہ افراد گرفتار

وائرل ہونیوالی ویڈیو میں نظر آنے والے افراد بھی برابر کے مجرم ہیں، رپورٹ

خیرپور (این این آئی) خیرپور ٹنڈو مستی میں غیرت کے نام پر لڑکی کو قتل کردیا گیا۔ ملزموں نے دو روز قبل ہجوم کے سامنے لڑکی کو گولیاں ماری تھیں، ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرکے دیگر 5 مشتبہ افراد بھی گرفتار کرلئے گئے، 2 مرکزی ملزم پہلے سے گرفتار (بقیہ نمبر 18)

تعلیمی نگرانی بہتر بنانے کیلئے بڑا اقدام، ڈیٹا سنٹر پیکٹا کے حوالے

سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا ڈیٹا سنٹر اب پنجاب ایگزامینیشن کمیشن اینڈ ٹیسٹنگ اتھارٹی کے کنٹرول میں ہوگا

ڈیٹا سنٹر کو جدید تعلیمی مانیٹرنگ سسٹمز کے ساتھ مربوط کیا جائے گا تاکہ نظام کو مزید شفاف، خودمختار اور موثر بنایا جاسکے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تعلیمی شعبے میں شفافیت اور نگرانی بہتر بنانے کے لئے اہم فیصلہ کرتے ہوئے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا ڈیٹا سنٹر سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے منتقل کر کے ڈیٹا سنٹر اب پی ای سی او پیکٹا کے کنٹرول کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا۔ محکمہ کے مطابق ڈیٹا سنٹر فوری طور پر پیکٹا کو منتقل کیا جائے گا اور اب یہ پی ای او پیکٹا کے کنٹرول میں ہوگا۔ ادارے کو ہدایت کی گئی ہے کہ ڈیٹا سیکیورٹی اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ حکام کے مطابق ڈیٹا سنٹر سے متعلق نگرانی کی براہ راست (بقیہ نمبر 26)

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 27 اپریل کو ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بنک آف پاکستان کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 27 اپریل بروز پیر کو منعقد ہوگا۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے پریس ریلیز کے ذریعے مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کے فیصلوں سے آگاہ کیا جائے گا۔ مذکورہ اجلاس رواں مالی سال کا ساتواں اجلاس ہوگا جبکہ مانیٹری پالیسی (بقیہ نمبر 14)

لاہور صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی ہیڈ آفس میں مانیٹرنگ اتھارٹی کے 39 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

40 ہزار لیٹر پیٹرول والا ٹینکر پیر محل کے قریب اُلٹ گیا

آئل ٹینکر کراچی سے لالہ موسیٰ جا رہا تھا، ٹینکر میں 40 ہزار لیٹر پیٹرول موجود تھا

پیرمحل (این این آئی) موٹروے ایم 3 پر پیر محل کے قریب آئل ٹینکر بے قابو ہو کر الٹ گیا۔ ترجمان سینٹرل ریجن کے مطابق حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے ہوا، حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آئل ٹینکر کراچی سے لالہ موسیٰ جا رہا تھا، (بقیہ نمبر 19)

چیئرمین تحریک حرمت رسول پاکستان مولانا امیر حمزہ پر قاتلانہ حملہ

گاڑی میں نجی پروگرام کے میزبان جسٹس ریٹائرڈ نذیر غازی بھی موجود تھے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پیکو روڈ پر پنڈی اسٹاپ کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار چیئرمین تحریک حرمت رسول پاکستان مولانا امیر حمزہ پر قاتلانہ حملہ کر کے فرار ہوگئے۔ مولانا امیر حمزہ بازو پر گولی لگنے سے زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا (بقیہ نمبر 27)

کمسن بچی سے زیادتی و قتل کیس میں مجرم کی عمر قید برقرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سات سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والے مجرم کی عمر قید کی سزا برقرار رکھتے ہوئے اپیل مسترد کردی۔ یہ تحریری فیصلہ جسٹس محمد وحید خان نے مجرم محمد مجاہد کی اپیل پر جاری کیا۔ عدالت نے اپنے تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ (بقیہ نمبر 28)

بلوچستان وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اہم اجلاس

ڈیجیٹل میڈیا پالیسی سمیت صوبے کی ترقی، گڈ گورننس اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری

ڈمی اخبارات کے خاتمے، مستند اور فعال میڈیا اداروں کی حوصلہ افزائی اور سوشل میڈیا کو باقاعدہ ضابطہ کار کے تحت شامل کیا جائے گا

کوئٹہ (این ای این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اہم اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں صوبے کی ترقی، گڈ گورننس اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی کابینہ اجلاس کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے بتایا کہ اجلاس میں بلوچستان کلائمیٹ چینج فنڈ کے مؤثر استعمال سے متعلق ایک جامع پالیسی کی منظوری دی گئی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ملک کا پہلا صوبہ ہے جس (بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور: خاتون رکن پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کے لئے آ رہی ہیں

ٹریکٹروں کی فروخت میں 13 فیصد کی کمی

راولپنڈی (این این آئی) ملک میں ٹریکٹروں کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 13 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان آٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں ملک (بقیہ نمبر 29)

قازقستان کے سفیر یران کتافین لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خطاب کر رہے ہیں

مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، 2 فرار

فرار ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا، پولیس

نواب شاہ (این این آئی) نواب شاہ پولیس کا دوران گشت ڈاکوؤں کے ساتھ مبینہ مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی ہوگیا جسے گرفتار کرلیا گیا اور دو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ مقابلے کے دوران ایک ڈاکو کو زخمی حالت (بقیہ نمبر 20)

موٹروے پر چلتی بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

130 ہیلپ لائن پر اطلاع ملتے ہی بروقت کارروائی سے تمام مسافر محفوظ

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی کے باعث ایم 5- ملتان سیکٹر میں پیش آنے والا بڑا حادثہ ٹل گیا جہاں ایک مسافر بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ ترجمان سنٹرل ریجن سید عمران احمد کے مطابق بس میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ (بقیہ نمبر 21)

پاکستان کا ویٹو پاور کے خاتمے اور مشرقی کانگو میں جنگ بندی کا مطالبہ

پاکستان غیر مستقل نشستوں میں اضافے کا حامی ہے تاکہ ویٹو پاور کے اثر کو متوازن کیا جاسکے، اجلاس سے خطاب

اٹلی اور پاکستان کی قیادت میں قائم یونائٹنگ فار کنسینسس گروپ مستقل نشستوں میں اضافے کے خلاف ہے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے سلامتی کونسل میں ویٹو پاور کے خاتمے اور مشرقی کانگو میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کردیا، سلامتی کونسل میں مستقل اراکین کی تعداد میں کسی بھی اضافے کی بھی مخالفت کی ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے سلامتی کونسل اصلاحات سے متعلق بین الحکومتی مذاکرات کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان غیر مستقل نشستوں میں اضافے کا حامی ہے تاکہ ویٹو پاور کے اثر کو متوازن کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ منتخب اراکین کی تعداد بڑھانے سے طاقت (بقیہ نمبر 30)

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈز پھیلاؤ کی وجوہات

ایک خبر کے مطابق سندھ میں رواں برس کے پہلے تین مہینوں میں ایچ آئی وی کے 894 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ رواں ماہ کے آغاز میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ اعداد و شمار کے مطابق ملک میں 84 ہزار 400 سے زائد افراد ایچ آئی وی میں مبتلا ہیں۔ تونسہ کے ایک سرکاری ہسپتال میں استعمال شدہ سرنجوں کے ذریعے بچوں کو انجکشن لگانے کے انکشاف نے اس مرض کے پھیلاؤ کی ایک بڑی وجہ کو بے نقاب کیا ہے۔ تونسہ میں نومبر 2024ء سے اکتوبر 2025ء کے دوران 331 بچے ایچ آئی وی میں مبتلا ہوئے جن میں سے نصف کیسز کو استعمال شدہ سرنجوں سے جوڑا گیا۔ اس شدید مجرمانہ غفلت کے باوجود حکومتی اقدامات محض رسمی بیانات تک محدود رہے' جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ کئی ماہ بعد بھی اس ہسپتال میں استعمال شدہ سرنجوں کے بار بار استعمال کے شواہد سامنے آ رہے ہیں۔

حکومت بیانات اور وقتی اقدامات سے آگے بڑھے اور تمام سرکاری و نجی ہسپتالوں میں انفیکشن کنٹرول کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنوائے اور خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف فوری اور مؤثر قانونی کارروائی کی جائے۔ غیر قانونی کلینکس اور عطائیوں کیخلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے۔ ساتھ ہی وسیع پیمانے پر عوامی آگاہی مہم بھی ناگزیر ہے تاکہ لوگ ایچ آئی وی کے پھیلاؤ کے اسباب' احتیاطی تدابیر اور بروقت تشخیص کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔

لاوارث بچی

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

بابا جی میں نے بچپن سے ایک ہی بات سنی تھی نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں رب کریم نے کائنات تخلیق ہی اپنے محبوب کے لیے کی تھی پھر اپنے محبوب کو سرتاج الانبیاء ﷺ بنا کر آخر میں دنیا کی ہدایت کے لیے بھیجا مکہ میں جب میری دعا قبول نہ ہوئی تو اب میں مدینہ شریف کی طرف جانے لگا وہ مدینہ شریف جس کی خاک کے ذرات بھی آسمانی کہکشاں سے زیادہ روشن اور متبرک ہیں آخر کار میں اس شہر پہنچ گیا جو زمین پر جنت ہے جہاں پر بادشاہ وقت اور ولیوں کے سردار بھی ننگے پاں چلنا اپنی سعادت سمجھتے ہیں گنبد خضرا پر نظر پڑی تو رگوں میں برقیلی کستوری کی لہریں دوڑنے لگیں مجھے مکمل یقین تھا کہ یہاں پر میرا خالی دامن قبولیت کے پھولوں سے بھر جائے گا نماز باجماعت ادا کی روضہ رسول ﷺ کی جالیوں کے پار دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی ریاض الجنہ میں نوافل کی سعادت حاصل ہوئی اصحاب صفہ کے پاس میں بیٹھنے کا اعزاز ملا گنبد خضرا کی چھاں تلے بیٹھا مدینہ کی گلیوں میں ننگے پاں میلوں چلا یہاں بھی دعا کا سلسلہ جاری تھا روزانہ سوالی بن کر بیٹھ جاتا کہ پتہ نہیں محبوب خدا کو کب مجھ سوالی پر رحم آئے ایک دن کسی نے کہا جنت البقیع میں جا کر سیدہ کائنات بی بی فاطمہ جگر گوشہ رسول ﷺ کو سلام کرو پھر آ کر آقا کریم ﷺ کو درخواست دو میں ادب و احترام سے پلکوں پر چل کر سیدہ کائنات کی قبر مبارک کی طرف گیا دور سے سلام کیا سفارش کی درخواست کی اور آ کر گنبد خضرا پر نظر جما کر بیٹھ گیا لمحے صدیوں میں بدلے یا صدیاں لمحوں میں بدلے پتہ نہیں میں کتنی دیر عالم محویت میں سبز گنبد پر نظریں جمائے بیٹھا رہا پھر میری آنکھوں سے آنسوں کا سیلاب بہہ نکلا پتہ نہیں میں کتنی دیر تک بلک بلک کر بچوں کی طرح روتا رہا پھر میں نیم خوابیدگی کے عالم میں ڈوبتا گیا تو مجھے احساس ہوا چاروں طرف نور کے پھوارے پھوٹ رہے ہیں اور میرے جسم و جان ان روشنیوں میں روشن ہو رہے ہیں میں کتنی دیر اس حالت میں رہا یاد نہیں پھر کسی نے میرا کندھا ہلا کر جگا دیا تو میں ہوش کی دنیا میں آ گیا میں سن سا بیٹھا تھا حیران کن چیز یہ تھی کہ میرا کرب دکھ درد ختم ہو چکا تھا میرا جسم اب بھی مردوں والا ہی تھا لیکن بے قراری بے چینی ختم ہو چکی تھی میرا ادھورا پن ختم تھا میرا احساس ختم ہو گیا تھا اب میں آسودہ لگ رہا تھا میری وحشت بے قراری ختم ہو گئی تھی شاید میری دعا کسی اور طرح سے قبول ہو گئی تھی میں آسودگی اطمینان کی دولت سے سرفراز ہو چکا تھا پھر میں مدینہ میں اپنی زندگی کے خوشگوار ترین دن گزار کر واپس پاکستان آ گیا

چیلوں نے پوچھا دعا قبول ہوئی تو میں نے کہا ہاں ہو گئی چیلوں نے اعتراض کیا تم تو آج بھی مرد ہولڑ کی نہیں بنے تو میں کہتا اب میں پر سکون ہوں اب ادھورے پن کا احساس نہیں رہا۔ چیلوں نے اطمینان خوشی کی وجہ پوچھی تو میں نے مدینے میں ایک بزرگ نے جو ایمان افروز واقعہ بتایا تھا وہ چیلوں کو بھی سنایا کہ ایک بار دلی شہر قحط کی لپیٹ میں آ گیا ساری مخلوق دن رات بارش کی دعا کرتے لیکن دعا نہ ہوئی تو لوگ حضرت نظام الدین اولیا کے گدی نشین کے پاس آئے کہ آپ بہت بڑے بزرگ کے گدی نشین ہیں آپ خدارا ہمارے شہر کے لیے دعا کریں تاکہ بارش ہو اور قحط سالی سے جان چھوٹ جائے تو گدی نشین نے اہل شہر کے ساتھ شہر سے باہر آ کر بارش کے لیے نماز نفل پڑھے پھر دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیئے دیر تک لوگوں کے ساتھ مل کر بارش کی دعائیں کرتا رہا لیکن بارش نہ ہوئی تو شرمندہ شرمندہ سر جھکائے واپس شہر آ گیا دن رات غمگین رہنے لگا کہ لوگوں کا درگاہ پر بہت یقین تھا جو اب ٹوٹ رہا ہے کاش خدا ہماری دعا سن لیتا تو ہمارا اور درگاہ کا بھرم اور عزت رہ جاتی گدی نشین کی پریشانی دیکھ کر ایک مرید قریب آیا اور بولا حضرت میں ایک ایسے شخص کو جانتا ہوں جس کی دعا اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے دعا کے الفاظ اس کے لبوں سے پھسلتے ہیں تو دعا قبول ہو جاتی ہے اگر آپ اس سے دعا کرائیں تو بارش بھی ہو گی اور ہماری عزت بھی بچ جائے گی گدی نشین فوری بولا کون ہے ایسا نیک انسان جو بارگاہِ الٰہی میں اتنا زیادہ مقبول ہے کہ خدا اس کی کوئی دعا بھی رد نہیں کرتا تو مرید بولا جناب وہ بد نام زمانہ محلے میں رہتا ہے اور وہ ایک مخنث یعنی ہیجڑا ہے گدی نشین غصے سے بولا یہ تم کیا کہہ رہے ہو اس بدنام بازار میں ایک مخنث خدا کے حضور اتنا عزت والا ہے کہ خدا اس کی دعا رد نہیں کرتا تو مرید نے کہا جناب میں سچ کہہ رہا ہوں میں کئی ایسے چشم دید واقعات کا گواہ ہوں جب اس نے دعا کی تو فوری قبول ہوئی گدی نشین چند دن تو اِس کشمکش میں رہا کہ اتنی بڑی درگاہ کا گدی نشین اس بازار میں مخنث کے پاس جائے گا تو لوگ کیا کہیں گے لیکن پھر آخر کار ایک رات منہ پر چادر ڈال کر رات کے اندھیرے میں اس بازار میں اس نیک مخنث کے دروازے پر دستک دی نیک بندہ باہر آیا اور بولا آپ نیک بزرگ ہیں مجھ حقیر گناہ گار کے پاس کیا لینے آئے ہیں تو گدی نشین نے اپنی مشکل بتا دی تو وہ بولا دیکھیں جناب اگر میں آپ کے ساتھ دعا کے لیے گیا تو آپ کی عزت اور درگاہ پر حرف آئے گا اِس لیے آپ میرے چولے کا دھاگا لے جائیں اور پھر جا کر دعا کریں اگر دعا قبول نہ ہو تو میرے چولے کے دھاگے کو جیب سے نکال کر بارگاہ الٰہی میں عرض کرنا اے خدا تیرے اس مخنث نے تیری رضا کا چولا جس دن سے پہنا ہے اس دن سے کوئی نافرمانی نہیں کی اگر اے خدا تجھے میری توبہ پسند آئی ہو تو تجھے میرے کپڑے کے دھاگے کی قسم بارش برسا دے انشا اللہ بارش ہو گی گدی نشین صاحب نے دھاگا جیب میں ڈالا اگلے دن اہل شہر کے ساتھ پھر شہر سے باہر آ کر بارش کی دعا کی جب بارش نہ ہوئی تو جیب سے اس مخنث کے چولے کا دھاگا نکالا آسمان کی طرف کیا اور کہا اے اللہ تجھے اپنے بندے کے چولے کے دھاگے کی قسم بارش برسا دے ابھی گدی نشین کے ہاتھ ہوا میں ہی تھے کہ موسلا دھار بارش شروع ہو گئی گدی نشین اور اہل شہر نے بھاگ کر بارش سے جان بچائی۔ یہ واقعہ سنا کر حاجی صاحب اپنے چیلوں سے بولا اب میں بھی خدا کے ہر حال میں خوش ہوں۔ پھر چند دن بعد ہی حاجی صاحب کی زندگی میں ایک خاص واقعہ پیش آیا جب چیلوں کو کوڑے کے ڈھیر سے ایک لاوارث بچی ملی جو انہوں نے لا کر حاجی صاحب کو دے دی بچی کو دیکھ کر حاجی صاحب کے جسم سے ممتا کا آبشار ابل پڑا دن رات بچی کو ماں بن کر پالنا شروع کر دیا حاجی صاحب کے گھر والوں کو جب حاجی صاحب کی اِس تبدیلی کا پتہ چلا تو بھائیوں نے ایک مکان اور دو دو کانیں جو اِن کا حصہ تھا وہ حاجی صاحب کو دے دیں حاجی صاحب نے ان کو بیچا اور لاہور میں گھر اور دو کانیں خرید لیں جن کے کرائے سے اب وہ بچی کو پال رہے تھے بچی جوان ہوئی اسے یونیورسٹی میں داخل کرا دیا وہاں پر بیٹی کے کلاس فیلو نے اسے پسند کیا لیکن گھر والوں نے انکار کر دیا اب ماں باپ کو منانے کے لیے حاجی صاحب بابوں کے پاس چکر لگاتے لگاتے میرے پاس آ گئے حاجی صاحب جب بھی میرے پاس آتے میں خاص توجہ دیتا اور چھیڑتا حاجی ماں میرے پاس آئی ہے تو وہ خوش ہوتے بعد میں حاجی صاحب نے حج بھی کر لیا اس لیے لوگ اور برادری انہیں حاجی صاحب کہتے پتہ نہیں کس کی دعا قبول ہوئی کہ بیٹی کو چاہنے والا لڑکا ماں باپ کو منانے میں کامیاب ہو گیا حاجی صاحب یہ کریڈٹ مجھے دینے آئے تھے لہذا آج حاجی صاحب خوشی خوشی مٹھائی لے کر میرے پاس آئے تھے حاجی صاحب بار بار کہہ رہے تھے آپ شادی پر ضرور آنا میں گناہ گار چھوٹا کمینہ انسان ہوں لیکن مجھے اور میری بیٹی کو بہت خوشی ہو گی تو میں نے حاجی صاحب کا ہاتھ پکڑ لیا اور بولا حاجی صاحب فراڈ دھوکے باز جھوٹے بد دیانت چور ڈکیت حاجی تو بہت دیکھے لیکن اللہ کی قسم آج پہلی بار اصلی حقیقی حاجی صاحب سے ملا ہوں آپ جیسے لوگوں سے ہی معاشرے قائم ہیں ورنہ کب کے ہڑپہ موہنجو دوڑو بن چکے ہوتے۔

اسلام آباد مذاکرات، پاکستان کی سفارتی فتح

تحریر۔۔۔کنور دلشاد

اسلام آباد مذاکرات کے لیے ہفتہ 11 اپریل کو آنے والے ایرانی وفد کا حجم اور اس کی ساخت اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ ایران مذاکرات کو منطقی نتیجے پر پہنچانے کے لیے سنجیدہ ہے اور وہ مکمل اختیار اور سنجیدگی کے ساتھ کسی معاہدے تک پہنچنے کے ارادے سے آئے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ 80 کے لگ بھگ اراکین پر مشتمل اس وفد میں 26 سے زائد معاشی' سیاسی اور سکیورٹی امور کے ماہرین تھے۔ اتنے بڑے اور ماہرین پر مشتمل وفد سے اس بات کا عندیہ ملتا ہے کہ مذاکرات ابتدائی مرحلے پر محض امکانات جانچنے یا فضا کو پرکھنے کے لیے نہیں بلکہ کسی ممکنہ معاہدے کے آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے مابین اس حد تک پیش رفت ہو چکی ہو جس کا ابھی اندازہ نہیں لگایا جا رہا۔ خاص طور پر حالیہ ہفتوں میں پاکستان کی ثالثی میں ہونے والے پس پردہ رابطوں کے دوران ٹرمپ کے لہجے اور رویے میں 180 ڈگری تبدیلی اور براہِ راست مذاکرات سے یہ بات واضح ہے کہ بہت سے معاملات پر اتفاق ہو چکا ہے اور اسلام آباد میں دونوں ممالک کے مذاکرات معنی خیز ہوئے۔ تاہم اس کے باوجود جب تک باقاعدہ اعلامیہ سامنے نہ آ جائے کچھ کہنا قبل از وقت ہو گا۔ البتہ ایک بات یقینی طور پر کہی جا سکتی ہے کہ پاکستان نے خود کو منوانے کیلئے ایک ناقابلِ یقین کام کیا ہے۔ یہ اسکے عروج کا نقطہ آغاز ہے۔

گزشتہ روز وزیراعظم سعودی عرب اور قطر کے دورے پر روانہ ہوئے جہاں جدہ ایئر پورٹ پر ان کا پُرتپاک استقبال کیا گیا۔ دوسری جانب فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر داخلہ نے تہران کا دورہ کیا' جہاں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ان کا استقبال کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل کا دورہ مصالحتی کوششوں کا حصہ ہے۔ ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ ایران پاکستان کے ذریعے امریکہ کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ کر رہا ہے اور اسی سلسلے میں وہ پاکستانی وفد کی میزبانی کر رہا ہے۔ ایرانی حکام نے اس بات کی بھی تصدیق کی ہے کہ مذاکرات کا دوسرا دور آئندہ چند دنوں میں (اگلے بدھ کو شاید) اسلام آباد میں متوقع ہے۔ سفارتی رابطوں میں تیزی اور پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کے ہنگامی دوروں سے یہ بات واضح ہوتی جا رہی ہے کہ ایران اور امریکہ میں برف کافی حد تک پگھل چکی ہے' فریقین بیشتر معاملات پر اتفاق رائے کر چکے ہیں اور مستقل امن معاہدہ اب چند ہاتھ کی دوری پر رہ گیا ہے۔ بھلے فریقین میں کوئی پائیدار معاہدہ نہ ہو' تب بھی امریکہ اور ایران جیسے حریفوں کو اسلام آباد میں اکٹھا کرنا پاکستان کی بڑی کامیابی اور ایک تاریخی سفارتی فتح ہے۔

پاکستان کی بیوروکریسی' جسے ریاست کا اہم ترین پرزہ کہا جاتا ہے' آج ایک ایسے تضاد سے گھری ہوئی ہے جہاں وفاداری اور مفاد آمنے سامنے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل سپریم کورٹ میں پیش کی گئی ایک رپورٹ کے مطابق 22 ہزار سے زائد اعلیٰ سرکاری افسران دہری شہریت رکھتے ہیں۔ اب یہ تعداد مزید بڑھ چکی ہے۔ سوال یہ نہیں کہ دہری شہریت کیوں ہے' سوال یہ ہے کہ یہ سب کچھ کیسے ممکن ہوا؟ ایک طرف آفیسر اس ملک کے آئین کی پاسداری کا حلف اٹھاتا ہے اور دوسری طرف وہی آفیسر امریکہ یا یورپی ممالک کا پاسپورٹ رکھتا ہے۔ اگر ہم ایک حقیقت پسندانہ جائزہ لیں تو گریڈ 17 سے گریڈ 22 تک کے افسران کی آمدن ہی اتنی نہیں کہ ان کے بچے بیرونِ ملک مہنگی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کر سکیں' ان کے خاندان امریکہ یا یورپ میں سکونت اختیار کر سکیں۔ مگر ان کی جائیدادیں پاکستان میں بھی ہیں اور باہر بھی' تو پھر سیدھا سوال یہ ہے کہ یہ پیسہ کہاں سے آ رہا ہے؟ کیا یہ سب کچھ تنخواہ سے ممکن ہے؟ یا کمیشن' کرپشن' اختیارات کے ناجائز استعمال اور اندرونی ملی بھگت کا نتیجہ ہے؟ تشویشناک پہلو یہ نہیں کہ افسران نے دہری شہریت لے رکھی ہے' اصل خطرہ یہ ہے کہ حساس اداروں میں بھی اس قسم کے افسران تعینات ہو جاتے ہیں' یہی قومی مستقبل اور وسائل کی تقسیم کے فیصلے کرتے ہیں۔ یہ صرف مفاد کا ٹکراؤ نہیں بلکہ ریاستی سلامتی کا سوال ہے' لہٰذا ضروری ہے کہ سروس رولز میں ترامیم کر کے دہری شہریت کے حامل افسران کو ملازمت سے ڈسمس کیا جائے اور ان کی جائیدادیں بھی ضبط کی جائیں۔

اب کچھ ذکر سابق چیف الیکشن کمشنر جسٹس (ر) قاضی محمد فاروق کا جن کا گزشتہ دنوں انتقال ہوا۔ مقام استعجاب ہے کہ ان کے انتقال کی خبر کو میڈیا نے بھی نظر انداز کیا اور حکومتی سطح پر بھی تعزیت کا کوئی پیغام نظر نہیں آیا۔ قاضی محمد فاروق سپریم کورٹ آف پاکستان کے جج اور پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس بھی رہے مگر حیران کن طور پر اُن کے انتقال پر سپریم کورٹ اور پشاور ہائیکورٹ نے بھی خاموشی اختیار کیے رکھی۔ 18 اگست 2008ء کو جب پرویز مشرف شدید دباؤ کے سبب صدارتی منصب سے مستعفی ہو گئے تو آصف علی زرداری پیپلز پارٹی حکومت کے مضبوط صدارتی امیدوار کے طور پر سامنے آئے۔ اسی دوران بعض بااثر شخصیات نے معروف ماہر قانون ڈاکٹر فاروق حسن کی خدمات حاصل کیں اور ان کے ذریعے زرداری صاحب کی صحت کے حوالے سے اہم دستاویزات حاصل کر کے الیکشن کمیشن آف پاکستان میں جمع کرائیں جن کے پیش نظر چیف الیکشن کمشنر سے استدعا کی گئی کہ انہیں صدارتی انتخاب کیلئے موزوں قرار نہ دیا جائے۔ میں نے بطور سیکرٹری الیکشن کمیشن یہ دستاویزات چیف الیکشن کمشنر کو اپنے نوٹ کے ہمراہ پیش کر دیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے سرسری معائنہ کرنے کے بعد مجھے بریف کیا کہ اگر کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے دوران ان کے مدمقابل امیدواروں کے وکلا نے یہی دستاویزات پیش کیں تو وہ آئین و قانون کے مطابق اس کو ریکارڈ کا حصہ بنا کر فیصلہ لکھیں گے۔ اگر مخالفین نے اعتراض نہ کیا تو ان دستاویزات کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہو گی۔ مسلم لیگ (ق) کے امیدوار مشاہد حسین سید اور مسلم لیگ (ن) کے امیدوار سعید الزمان صدیقی تھے۔ حکومت کو بھی کاغذاتِ نامزدگی مسترد ہو جانے کا خوف تھا لہٰذا مخدوم امین فہیم نے کورنگ امیدوار کے طور پر کاغذات نامزدگی جمع کرا رکھے تھے۔ پنجاب کی ایک اہم سیاسی شخصیت نے بڑی رازداری سے ڈاکٹر فاروق کو میدان میں اتارا تھا مگر صدارتی کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال سے دو روز پیشتر ڈاکٹر فاروق حسن اس بنا پر لاتعلق ہو گئے کہ اہم سیاسی شخصیت نے ان کی فیس دینے سے انکار کر دیا تھا لہٰذا ان کا وکالت نامہ واپس لے لیا گیا۔ بعدازاں اُس سیاسی شخصیت سے آصف علی زرداری کی مفاہمت ہو گئی اور ان کے کاغذاتِ نامزدگی پر کسی نے اعتراض نہیں کیا یوں چیف الیکشن کمشنر قاضی فاروق کو ان کے کاغذاتِ نامزدگی منظور کرنا پڑے۔ ڈاکٹر فاروق حسن نے بعدازاں مجھے بتایا کہ جس شخصیت نے بین الاقوامی میڈیکل رپورٹس حاصل کر کے زرداری صاحب کو نااہل قرار دلوانا تھا وہ اُس وقت کے مقتدرہ حلقوں کے دباؤ میں آ گئی تھی کیونکہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد آصف علی زرداری کو صدارتی منصب پر لانا وقت کی اہم ضرورت تھی۔ اگر میڈیکل رپورٹس کو مدنظر رکھتے ہوئے زرداری صاحب کو صدارتی الیکشن کے لیے نااہل قرار دے دیا جاتا تو آئین کے تحت اس فیصلے کو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا تھا اور لامحالہ مخدوم امین فہیم ہی حکومت کے صدارتی امیدوار ہوتے۔

شوبز SHOWBIZ

کرشنا ابھیشیک اور مامی سنیتا آہوجا کے درمیان برسوں پرانی رنجش ختم

کرشنا ابھیشیک اور سنیتا آہوجا کے درمیان صلح ایک ٹی وی شو کے سیٹ پر ہوئی

ممبئی (این این آئی) بھارتی کامیڈین کرشنا ابھیشیک اور ان کی مامی سنیتا آہوجا کے درمیان برسوں پرانی رنجش آخر کار ختم ہو گئی۔ کرشنا ابھیشیک اور سنیتا آہوجا کے درمیان صلح ایک ٹی وی شو کے سیٹ پر ہوئی، جہاں دونوں نے گرمجوشی سے ملاقات کی، انہوں نے خوب ہنسی مذاق کیا اور جذباتی انداز میں گلے بھی لگایا۔ اس موقع پر 42 سالہ کامیڈین کے ساتھ ان کی اہلیہ کشمیرا شاہ بھی موجود تھیں، سیٹ پر بنائی گئی ویڈیو تیزی سے سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے، جس میں تینوں کو مسکراتے، ہنستے اور ایک دوسرے کو گلے لگاتے دیکھا جا سکتا ہے۔ سنیتا آہوجا نے بھی کرشنا ابھیشیک کے ساتھ اپنے تعلق کی درستی کی تصدیق کی اور کہا کہ 14 سال بعد رنجش ختم ہوئی، اب وہ کسی سے ناراض نہیں رہنا چاہتیں بلکہ سب کو دعائیں دینا چاہتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اپنے بچوں سے کب تک ناراض رہ سکتے ہیں۔

پشاور زلمی کو بابر اعظم کی وجہ سے سپورٹ کرتی ہوں' حرا خان

بابر اعظم کا کم بیک ہو گیا ہے، انہیں قومی ٹیم کی کپتانی بھی ملنی چاہیے' اداکارہ



لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ حرا خان نے کہا ہے کہ میں پشاور زلمی کو بابر اعظم کی وجہ سے سپورٹ کر رہی ہوں، بابر اعظم کی مداح ہوں اور پشاور زلمی کو ان ہی کی وجہ سے سپورٹ کرتی ہوں۔ حرا خان نے کہا کہ بابر اعظم کا کم بیک ہو گیا ہے اور انہیں اب انٹرنیشنل لیول پر بھی باقی ٹیموں خاص طور پر بھارت کو دھو دینا ہے۔ مجھے ایسا لگتا ہے کہ انہیں قومی ٹیم کی کپتانی بھی ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میں کرکٹ کی ڈائی ہارٹ فین ہوں جب پاکستان کے میچ ہوتے تھے تو گرین شرٹس کی جرسی پہنتی تھی، ٹیم کی پرفارمنس اچھی نہیں ہوتی تو میں روتی تھی۔

ماہرہ خان کی ہارورڈ پاکستان کانفرنس میں شرکت، ملک کا نام روشن

اس موقع پر دیگر اہم شخصیات میں حنا ربانی کھر، مومنہ مستحسن حسن شہریار یاسین شامل تھے

کیمبرج (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان نے امریکا کی ہارورڈ یونیورسٹی میں منعقدہ پاکستان کانفرنس میں شرکت کر کے پاکستان کا نام عالمی سطح پر نمایاں کیا۔ تفصیلات کے مطابق ہارورڈ یونیورسٹی میں پاکستان سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی اس کانفرنس میں پاکستان کی سیاسی، تعلیمی، کاروباری اور شوبز شخصیات نے شرکت کی، اس کانفرنس کا مقصد پاکستان کو درپیش چیلنجز، ترقی کے مواقع اور مستقبل کے امکانات پر مکالمہ اور تبادلہ خیال کرنا تھا۔ کانفرنس کے دوران ماہرہ خان نے پاکستان کی ثقافت، مثبت تشخص اور عالمی سطح پر ملک کی نمائندگی کے حوالے سے اظہار خیال کیا، جسے شرکا کی جانب سے سراہا گیا۔ ماہرہ خان نے خوبصورت لباس میں اپنی تصاویر انسٹاگرام پر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ یہ لمحہ میری یادوں میں ہمیشہ کے لیے نقش ہو جائے گا۔

انسان اپنے وسائل کے مطابق رہنا سیکھ لے تو اسے اطمینان آ جائیگا' نرمل شاہ

ہم جینا بڑی دیر سے شروع کرتے ہیں، جب اس کا ڈھنگ آتا ہے تو وقت ختم ہو چکا ہوتا ہے



لاہور (این این آئی) گلوکارہ نرمل شاہ نے کہا ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ زندگی بہت چھوٹی ہے لیکن میرا ماننا ہے کہ ہم جینا ہی بڑی دیر سے شروع کرتے ہیں اور جب زندگی جینے کا ڈھنگ آتا ہے تو وقت ختم ہو چکا ہوتا ہے۔ ایک انٹرویو میں نرمل شاہ نے کہا کہ زندگی کو گزارنا نہیں بلکہ جینا چاہیے، آج کے دور میں انسان حالات کے بھنور کے چکر میں آ چکا ہے اور اسے دن رات کی سمجھ نہیں آتی، میرا یہ ماننا ہے کہ انسان کے پاس جو ہے وہ اس میں خوش رہنا سیکھ لے اس کی زندگی میں خود بخود اطمینان آ جائے گا۔ آپ کے پاس جتنے وسائل ہیں اس کے مطابق اپنی خواہشیں ترتیب دیں، دوسروں کی بجائے اپنے سے نیچے لوگوں کو دیکھیں آپ کو زندگی کا فلسفہ سمجھ آنا شروع ہو جائے گا۔

سنسنی سے بھرپور ٹیلی فلم ''ڈر'' کا ٹیزر سوشل میڈیا پر جاری

لاہور (این این آئی) نئی ٹیلی فلم ''ڈر'' کا ٹیزر جاری کر دیا گیا جسے اگلے ہفتے ریلیز کیے جانے کا امکان ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے ٹیزر کو شائقین کی جانب سے مثبت ردعمل ملا ہے۔ ٹیلی فلم ''ڈر'' میں اداکار عثمان مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں اور ان کی پرفارمنس کو شائقین کی جانب سے سراہا جا رہا ہے۔ ٹیزر میں ان کے ایکشن، جذباتی مناظر اور مکالمہ ادا کرنے کے انداز نے ناظرین کی دلچسپی بڑھا دی ہے۔ ٹیلی فلم میں صباء، عدنان، اطہر نے بھی اپنے کردار کو موثر انداز میں نبھایا ہے اور ان کی اداکاری کو فلم کا ایک اہم حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔

کامیڈین سمے رائنا سوشل میڈیا پر خصوصی توجہ کا مرکز بن گئے

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی اسٹینڈ اپ کامیڈین سمے رائنا ایک بار پھر سوشل میڈیا پر خصوصی توجہ کا مرکز بن گئے۔ سمے رائنا نے اپنے یوٹیوب شو انڈیاز گوٹ لیٹنٹ کے ذریعے شہرت حاصل کی اور بھارت کے سب سے مشہور نوجوان اسٹینڈ اپ کامیڈین بن گئے۔ ان کے کیریئر کو دھچکا اس وقت لگا جب ان کے شو میں یوٹیوبر رنویر الہ آبادیہ نے والدین سے متعلق متنازع بیانات دیے اور پھر انہیں قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑا۔ اب عدالتوں سے ریلیف ملنے کے بعد ایک طویل وقفے کے بعد سمے رائنا کی کامیڈی اسپیشل شو اسٹال الائیو کے ساتھ اسٹیج پر واپسی ہوئی ہے۔

یہ ایک چھوٹا سا لمحہ تھا، فضا علی کا اپنی ویڈیو پر ردعمل سامنے آ گیا

میں ہمیشہ اپنے کام اور اپنے دیکھنے والوں کی عزت کرتی ہوں، فضا علی

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ اور میزبان فضا علی نے شوہر اعجاز خان کے ساتھ مارننگ شو کی وائرل ویڈیو پر ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ حال ہی میں فضا علی نے اپنے مارننگ شو میں شوہر اعجاز خان کو بطور مہمان بلایا جہاں انہوں نے اپنی ملاقات اور محبت کی کہانی سنائی۔ پروگرام میں فضا علی کی بیٹی فرال بھی شریک تھیں جس نے والد سے لائیو شو میں والدہ کو گود میں اٹھانے کی فرمائش کی۔ اس کے بعد اعجاز خان نے فضا علی کو اپنے کندھے پر اٹھایا اور اس دوران بیٹی خوشی سے تالیاں بجاتی رہی تاہم یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوئی۔

اداکار و گلوکار عاشر وجاہت کا دیگر اداکاروں کو اہم مشورہ

شوبز شخصیات کو چاہیے کہ وہ اپنی ذاتی زندگی کو سوشل میڈیا سے دور رکھیں، گلوکار

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف گلوکار و اداکار عاشر وجاہت نے مشہور اداکاروں کو سوشل میڈیا کے استعمال کے حوالے سے اہم مشورہ دے دیا۔ عاشر وجاہت نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی۔ انہوں نے شو کے دوران ایک سوال کے جواب میں اداکاروں اور مشہور شخصیات کو سوشل میڈیا کے استعمال کے بارے میں ایک اہم مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ شوبز شخصیات کو چاہیے کہ وہ اپنی ذاتی زندگی کو سوشل میڈیا سے دور رکھیں۔ گلوکار نے کہا کہ ہم شوبز کے لوگ زیادہ تر اپنی زندگی کے خوشگوار لمحات کو انسٹاگرام پر شیئر کرتے ہیں۔

سپورٹس SPORTS

قومی کرکٹ ٹیم کا دورہ بنگلا دیش، سکواڈ کا کیمپ کراچی میں لگایا جائیگا

ٹیسٹ سکواڈ کے ناموں پر قومی سلیکٹرز کی مشاورت جاری' سرفراز احمد بھی شامل

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کا دورہ بنگلا دیش کی تیاریوں کے لیے سکواڈ کا کیمپ کراچی میں لگایا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ کے کھلاڑی 29 اپریل سے کیمپ میں شامل ہوں گے جبکہ پاکستان ٹیسٹ سکواڈ 3 مئی کی رات بنگلا دیش کے لیے روانہ ہو گا۔ ذرائع کے مطابق ٹیسٹ سکواڈ کے ناموں پر قومی سلیکٹرز کی مشاورت کا سلسلہ تیز ہو گیا ہے اور اس مشاورت میں سابق کپتان سرفراز احمد بھی شامل ہیں، سرفراز احمد بنگلا دیش کے خلاف سیریز سے ہیڈ کوچ کی ذمہ داریاں سنبھال رہے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان ٹیسٹ سکواڈ اور منجمنٹ میں ردو بدل کا امکان ہے، وکٹ کیپر روحیل نذیر کو بنگلہ دیش کے خلاف سیریز میں موقع دیے جانے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے بنگلا دیش میں آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلنی ہے اور ٹیسٹ میچز 8 اور 16 مئی سے سلہٹ اور ڈھاکا میں کھیلے جائیں گے۔

بابر جس انداز میں کھیل رہے ہیں دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے، اوٹس گبسن

پاکستان میں نوجوان فاسٹ بولرز کافی ٹیلنٹڈ ہیں، نوجوان بولر باسط میں سیکھنے کا بہت جذبہ ہے

کراچی (این این آئی) پشاور زلمی کے ہیڈ کوچ اوٹس گبسن نے کہا ہے کہ بابر اعظم جس انداز میں کھیل رہے ہیں دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں زلمی کے ہیڈ کوچ اوٹس گبسن نے کہا کہ گیل کے بعد سب سے زیادہ سنچریاں بابر اعظم کی ہیں۔ اوٹس گبسن نے کہا کہ سفیان مقیم ایک ٹیلنٹڈ بولر ہیں، میری نظر میں سفیان ورلڈ کلاس بولر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں نوجوان فاسٹ بولرز کافی ٹیلنٹڈ ہیں، نوجوان بولر باسط میں سیکھنے کا بہت جذبہ ہے۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل گیارہ کے 23 ویں میچ میں ایونٹ کی اب تک کی ناقابل شکست ٹیم پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو بھی زیر کر لیا۔ اس فتح کے ساتھ زلمی کی پلے آف مرحلے کے لیے راہیں ہموار ہو گئی ہیں۔

وکٹ اچھا تھا، ہم نے رنز کم کیے تھے، الزاری جوزف

ہر دن ایک جیسا نہیں ہوتا، باقی میچز میں اچھا کھیل کر باؤنس بیک کرنے کی کوشش کریں گے

کراچی (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے الزاری جوزف کا کہنا ہے کہ وکٹ اچھا تھا لیکن ہم نے رنز کم کیے تھے۔ میڈیا سے گفتگو میں الزاری جوزف نے کہا کہ ہر دن ایک جیسا نہیں ہوتا، کبھی ٹیم اچھا کرتی ہے، کبھی اچھا نہیں ہو پاتا۔ انہوں نے کہا کہ بقیہ میچز میں اچھا کھیل کر باؤنس بیک کرنے کی کوشش کریں گے۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل گیارہ کے 23 ویں میچ میں ایونٹ کی اب تک کی ناقابل شکست ٹیم پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو بھی زیر کر لیا۔ اس فتح کے ساتھ زلمی کی پلے آف مرحلے کے لیے راہیں ہموار ہو گئی ہیں۔

کراچی کنگز نے محمد وسیم، خزیمہ کو ریلیز کر دیا

انگلینڈ کے جارح مزاج اوپنر جیسن روئے محمد وسیم کے متبادل کے طور پر شامل

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز کراچی کنگز نے سیزن 11 کے باقی میچز سے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے 2 پلیئرز محمد وسیم اور خزیمہ بن تنویر کو ریلیز کر دیا ہے۔ فرنچائز کے ترجمان کے مطابق کراچی کنگز نے دونوں پلیئرز کو نیشنل ڈیوٹی کی وجہ سے ٹیم سے ریلیز کیا ہے۔ کراچی کنگز کے ترجمان نے کہا کہ ہم اپنے کھلاڑیوں کی قومی ٹیم کی نمائندگی کو مکمل سپورٹ کرتے ہیں اور انہیں نیک خواہشات پیش کرتے ہیں۔ دوسری جانب کراچی کنگز نے انگلینڈ کے جارح مزاج اوپنر جیسن روئے کو محمد وسیم کے متبادل کے طور پر اسکواڈ میں شامل کر لیا ہے۔ فرنچائز انتظامیہ نے جیسن روئے کی شمولیت پر کہا کہ جیسن روئے ایک تجربہ کار اور جارحانہ اوپنر ہیں، جو ٹیم کے ٹاپ آرڈر کو مزید مضبوط بنائیں گے، انہیں اس اہم مرحلے پر ٹیم کا حصہ بنا کر خوش ہیں۔ کراچی کنگز کی طرف سے خزیمہ بن تنویر کے متبادل کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

ٹاپ سیڈ کارلوس الکاراز دائیں کلائی کی انجری کا شکار

بارسلونا (این این آئی) سپین کے شہرہ آفاق ٹینس کھلاڑی اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈ کارلوس الکاراز دائیں کلائی کی انجری کے باعث بارسلونا اوپن ٹینس ٹورنامنٹ سے دستبردار ہو گئے ہیں۔ ٹورنامنٹ انتظامیہ کے مطابق کارلوس الکاراز کو یہ انجری پہلے راؤنڈ میں فن لینڈ کے اوٹو ورتانن کے خلاف 4-6 اور 2-6 سے کامیابی کے دوران لاحق ہوئی تھی۔ ای ایس پی این کے مطابق 22 سالہ ٹاپ سیڈ کھلاڑی کارلوس الکاراز کو دوسرے راؤنڈ میں جمہوریہ چیک کے ٹامس میچاچ کے مدمقابل آنا تھا۔ کارلوس الکاراز نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ طبی معائنے کے بعد معلوم ہوا کہ انجری توقع سے زیادہ سنگین ہے اور وہ مستقبل میں مسائل سے بچنے کے لیے احتیاط کرنا چاہتے ہیں۔

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
اندراج تاریخ پیدائش — اندراج تاریخ وفات — اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام — درستگی نام — اعلان لاتعلقی
عاق نامہ — اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

نوازشریف اوروفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے دستخط کئے ۔ ایم او یو کے مطابق پنجاب کے 20ریجن میں 8لوکل روٹس پر 1415 کلومیٹر طویل روٹ پر نئی ٹرین چلے گی ،شاہدرہ سے نارووال 79 کلومیٹر، نارووال سے سیالکوٹ 62 کلومیٹر،رائیونڈ،قصور، پاکپتن سے لودھراں تک 370 کلومیٹر طویل روٹ پر نئی ٹرین چلے گی ،شیخوپورہ، جڑانوالہ، شورکوٹ 220 کلومیٹر ،لالہ موسیٰ، ملکوال، سرگودھا 147 کلومیٹر،فیصل آباد سے براستہ چک جھمرہ، شاہین آباد ٹرین 68 کلومیٹر ،کوٹ ادو سے براستہ ڈیرہ غازی خان،کشمور تک 303 کلومیٹر طویل بین الصوبائی روٹ پر بھی ٹرین منصوبے میں شامل ہیں۔حکومت پنجاب نئے روٹس پر نئے ریلوے انجن اور نئی جدید ترین کوچز لائے گی۔وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کو ریلوے کے تاریخی پراجیکٹ کے اجراء پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی تقلید کرتے ہوئے پاکستان ریلوے کی تاریخ بدلنا چاہتے ہیں،حکومت پنجاب کی معاونت سے 9روٹس پر تقریباً 9 کروڑ افراد مستفید ہوسکیں گے،خوشی ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب ریلوے ٹرانسپورٹ پراجیکٹ کو لیڈ اور سپروائز کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی سربراہی میں انقلابی اقدامات کیے گئے،وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے پورے صوبے میں ستھرا پنجاب پراجیکٹ شروع کیا،صحت، تعلیم، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے تاریخ ساز اقدامات کیے،لاہور کے تاریخی ریلوے اسٹیشن کی حالت زار بدلنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ممنون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر ریلوے حادثات کے سدباب کے لئے خودکار سسٹم لایا جارہا ہے ،ریلوے اسٹیشن کی بیوٹیفکیشن اور عالمی معیار کی پارکنگ بنائی جارہی ہے،شاہدرہ سے رائیونڈ تک 40 کلومیٹر طویل گرین پارکس بننے سے ٹریک کے اطراف میں یورپی ممالک کی طرز پر خوش کن مناظر نظر آئیں گے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ریلوے ٹریک کے اطراف میں چار لاکھ سے زائد پودے بھی لگائے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی جو سپیڈ ہے، پورے پنجاب کو آٹو پر لگا دیا ہے۔ پنجاب کے 70 فیصد سے زائد عوام نے مریم نواز شریف کی لیڈر شپ پر اظہار اطمینان ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کام کیے وہ نظر آرہے ہیں، کام ہی کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں پاکستان ریلوے کا ایک کلومیٹر بھی ٹریک نہیں بنا اور نہ کسی نے سرمایہ کاری کی۔انہوں نے کہا کہ وزیر ریلوے کا قلمدان سنبھالنے کے بعد پنجاب میں ریلوے ٹرانسپورٹ کی معیاری سہولت کا خواب پورا ہونے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا مشکور ہوں، پنجاب کے عوام کو یورپ کے معیار کے مطابق ریل کی سفری سہولت دینے جارہے ہیں۔ وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا کہ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کے خواب کو عملی تعبیر دینے کے لئے ایک سال بہت محنت کی،لاہور سے راولپنڈی 280 کلومیٹر طویل سفر سوا دو گھنٹے میں طے ہوگا،وزیراعلیٰ مریم نوازشریف سے عوامی خدمت کے اس پراجیکٹ کی خود نگرانی کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے پنجاب کے تقریباً 11 کروڑ عوام یورپ کی طرز ٹرانسپورٹ مہیا کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 2

وروز کوشاں ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے سے بحری دفاع میں اہم کامیابی حاصل کی۔ میزائل کا کامیاب تجربہ ظاہر کرتا ہے امن کے خواہاں ہیں مگر دفاع سے غافل نہیں۔

بقیہ 3

فونز اوگرا کے ذریعے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے حوالے کردیئے گئے، فیول پارکنگ ایپ اوگرا ڈیجیٹل سسٹم سے منسلک کردی گئی۔درآمد و برآمد شدہ پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے ہوگی، پیٹرولیم مصنوعات کی غیرقانونی ذخیرہ اندوزی، اسمگلنگ روک تھام ممکن ہوسکے گی، پیٹرولیم مصنوعات کے اسٹاک اور ترسیل خرید و فروخت مانیٹر کی جاسکے گی۔ پیٹرول پمپس سٹاف کو [illegible]

بقیہ 6

کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو راجہ جہانگیر انور، اسپیشل سیکرٹری، ایڈیشنل سیکرٹریز، چیف انجینئرز اور ایکسین نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر 1530 اسکیموں کو پروگرام میں شامل کیا گیا ہے جبکہ صوبہ بھر میں 444 لوکل روڈز پر کام برق رفتاری سے جاری ہے۔صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے ہدایت کی کہ باقی ماندہ شاہراہوں پر بھی کام فوری طور پر شروع کیا جائے۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ اب تک 20 فیصد ارتھ ورک مکمل کیا جاچکا ہے۔اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ لوکل روڈز پروگرام کے تحت 3310 کلومیٹر دیہی رابطہ شاہراہوں کی بحالی کی جائے گی۔صوبائی وزیر نے فیلڈ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ تعمیراتی کام ماہ جون تک مکمل کرلیا جائے۔

بقیہ 7

سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ انہیں کہرامان ماراش میں سکول پر ہونے والے حملے پر شدید رنج ہوا ہے۔انہوں نے غم کی اس گھڑی میں ترک صدر رجب طیب اردوان ، برادر ترک عوام بالخصوص متاثرہ خاندانوں اور بچوں کے ساتھ یکجہتی اور تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ ہم معصوم کمسن جانوں کے ضیاع پر سوگوار ہیں اور مرحومین کے درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہیں۔ وزیراعظم نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 8

بنیاد پر رول اوور کا پابند نہیں رہے گا بلکہ اسے طویل مدت کے لیے بڑھا دیا جائے گا۔ بتایا گیا کہ یہ مالی معاونت پاکستان کی بیرونی فنانسنگ ضروریات کے لیے نہایت اہم وقت پر فراہم کی گئی ہے، جس سے زرمبادلہ ذخائر کو مضبوط بنانے اور بیرونی کھاتوں کو مستحکم کرنے [illegible]

پنڈدادنخان میں تعلیمی میدان میں بڑا اقدام

پنجاب گروپ آف کالجز کا شاندار اسکالرشپ پروگرام، سٹار آف پنڈدادنخان میں حفصہ فاطمہ پہلی پوزیشن کی حقدار

مقررین نے طلباء وطالبات کی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے انہیں مزید محنت، لگن اور مستقل مزاجی کے ساتھ آگے بڑھنے کی تلقین کی

پنڈدادنخان (سرفراز عباس) پنجاب گروپ آف کالجز پنڈدادنخان کیمپس نے طلباء وطالبات کے لیے ایک جامع اور شاندار اسکالرشپ پروگرام کا اعلان کرتے ہوئے تعلیمی میدان میں ایک اہم سنگِ میل عبور کرلیا ہے، جسے علاقے میں تعلیم کے فروغ کے لیے بڑی پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ اسی سلسلے میں کالج کیمپس میں سٹار آف پنڈدادنخان کے عنوان سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، جس نے محفل کو روحانی رنگ عطا کیا۔ تقریب میں(بقیہ نمبر 31)

ایس ایچ او تھانہ ویمن اور ان کی ٹیم کیلئے تعریفی اسناد

تمام افسران محنت، جانفشانی اور دل جوئی سے کام کریں، ایس پی سٹی زون

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے ایس ایچ او تھانہ ویمن اور ان کی ٹیم کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے ایس ایچ او تھانہ ویمن اور ان کی ٹیم کو بہترین (بقیہ نمبر 32)

لاہور: پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے بعد خواتین اراکین اسمبلی واپس جارہی ہیں

حج کی سعادت اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص انتخاب ہے

ملازمین ادارے کی ترقی اور ملکی خوشحالی کیلئے خصوصی دعا کریں، سہیل اشرف

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کے زیر اہتمام حج پر جانے والے ملازمین کے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف تھے۔ تقریب میں سی ڈی اے کے ممبر ایڈمنسٹریشن اسفند یار بلوچ، ممبر(بقیہ نمبر 35)

رائے ونڈ میں سہولت بازار فیز ٹو آخری مراحل میں، 203 اسٹالز تیار

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر منصوبہ تیز، مئی میں اسٹالز الاٹمنٹ کا امکان

رائے ونڈ (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر رائے ونڈ میں تجاوزات کے خاتمے اور لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے صحن غلہ منڈی میں سہولت بازار فیز ٹو پر کام تیزی سے جاری ہے، پنجاب سہولت بازار اتھارٹی نے سہولت بازار فیز میں 203 سٹال تعمیر کیے گئے ہیں جہاں مقامی خوانچہ فروش، ریڑھی بانوں(بقیہ نمبر 36)

واشنگٹن، ڈی سی: وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سٹی میکرو فورم سے خطاب کررہے ہیں

گوجرخان ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ایم ایس ڈاکٹر اور فارماسسٹ تبدیل

بدانتظامی پر وزیر اعلیٰ کا بڑا ایکشن

ادویات کی عدم دستیابی اور عملے کا توہین آمیز رویہ ایم ایس کا تلہ گنگ، فارماسسٹ کا راجن پور اور لیڈی ڈاکٹر کا تبادلہ کلر کہار کردیا گیا

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا عوامی شکایات پر فوری نوٹس ہسپتالوں میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی سہولیات بہتر بنانے کے احکامات

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان میں ادویات کی عدم دستیابی، انتظامی امور میں کمزوری اور عملے کے توہین آمیز رویے پر وزیر اعلیٰ پنجاب نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف فوری کارروائی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، گزشتہ روز پرنٹ میڈیا میں ہسپتال کی بدانتظامی اور مریضوں کو درپیش مشکلات سے متعلق خبریں شائع (بقیہ نمبر 38)

بلال اظہر کیانی کی انجمن تاجران سیالکوٹ کے صدر سے ملاقات

آئندہ وفاقی بجٹ اور ٹیکس اصلاحات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے، بلال اظہر کیانی نے آئندہ وفاقی بجٹ اور ٹیکس اصلاحات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کے لیے کاروباری برادری کے نمائندگان سے ملاقات کی، جس کی قیادت حاجی مہر غلام مجتبیٰ، صدر مرکزی انجمن تاجران سیالکوٹ، اور شیخ فضل الرحمان بابر کھرانہ، صدر انجمن تاجران گوجرانوالہ نے کی۔ یہ ملاقات فنانس ڈویژن میں منعقد ہوئی۔ یہ اجلاس وزارت خزانہ، ٹیکس پالیسی آفس اور(بقیہ نمبر 39)

ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، دانیال چوہدری

ضلع بھر میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔ مسلم لیگ (ن) کی سینئر رہنما اور رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ اورنگزیب اور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری کی زیر قیادت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس، راولپنڈی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا(بقیہ نمبر 41)

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا بگل بج گیا

حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری، 10 اگست کو "فائنل میدان" سجے گا

خالق نگر (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی جانب فیصلہ کن قدم اٹھاتے ہوئے نئی حلقہ بندیوں کا باضابطہ شیڈول جاری کر دیا ہے، اس اہم پیش رفت کے ساتھ ہی صوبے میں طویل عرصے سے معطل بلدیاتی عمل کی بحالی کی راہ ہموار ہوگئی ہے اور سیاسی حلقوں میں ہلچل مچ گئی ہے، الیکشن کمیشن (بقیہ نمبر 43)

ٹریفک آگاہی مہمات، لائسنسنگ سہولیات اور قوانین پر عملدرآمد جاری

شہریوں کیلئے 24 گھنٹے لائسنسنگ سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، ترجمان ٹریفک

ٹریفک آگاہی مہمات اور لاء انفورسمنٹ سے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، سی ٹی او راولپنڈی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی ٹریفک پولیس کی جانب سے شہر میں ٹریفک نظم وضبط بہتر بنانے اور شہریوں کو محفوظ سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی مہمات چلائی جا رہی ہیں۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے کہا (بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی، ڈکیتی کی واردات میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

6 لاکھ مالیتی 2 گائیں اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے ڈکیتی کی واردات میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار کر کے 6 لاکھ مالیتی 2 گائیں اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی واردات میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، زیر حراست گینگ سے 6 لاکھ(بقیہ نمبر 45)

واہ کینٹ پولیس کی کارروائی، زیر حراست گینگ سے 6 لاکھ مالیتی 2 گائیں اور واردات میں استعمال ہونے والا مزدا ٹرک بھی قبضہ پولیس میں لے لیا گیا

8 ملزمان گرفتار، 21 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 8 ملزمان گرفتار کرکے 21 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کرکے 21 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ صادق آباد، چکلالہ، پیرودہائی، صدرواہ، صدر بیرونی اور(بقیہ نمبر 33)

راولپنڈی، چیک ڈس انر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے چیک ڈس انر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری سال 2025 سے تھانہ بنی پولیس کو مطلوب تھا، پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے(بقیہ نمبر 34)

ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، متن مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے 15 پر کال کی کہ دو اشخاص اس سے گن پوائنٹ پر(بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد پولیس کی کارروائی، 28 ملزمان گرفتار، غیر قانونی اسلحہ ونشیات برآمد

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان اسلام آباد پولیس نے کہا ہے کہ 24 گھنٹوں میں کارروائی کے دوران 28 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحہ اور منشیات برآمد کی گئی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ پولیس کی غیر قانونی اسلحہ اور اس کی نمائش بر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، خصوصی پولیس ٹیموں (بقیہ نمبر 40)

سینیٹر شیری رحمان کا ترک صوبے قہرمان مرعش میں اسکول فائرنگ پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے ترک صوبے قہرمان مرعش میں اسکول فائرنگ پر اظہار افسوس کیا ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمان نے معصوم بچوں کی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور کہا کہ اطلاعات کے مطابق طالب علم مبینہ طور پر گھر سے اسلحہ چھپا کر اسکول لایا۔ شیری رحمان نے کہا کہ کم عمر بچوں کی ذہنی تربیت اور آن لائن/میڈیا کنٹینٹ کی(بقیہ نمبر 42)

ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان بیساکھی میلے میں آنے والے سکھ یاتریوں کو یادگاری سووینئر پیش کررہے ہیں

سندھ ترقی پسند پارٹی کے مرکزی وائس چیئرمین جام عبدالفتاح کی کندھ کوٹ آمد

500 افراد نے پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی

گولا موڑ پر ضلعی صدر اکرم باجکانی کی قیادت میں کارکنوں نے پرتپاک استقبال کیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ سندھ ترقی پسند پارٹی ایس ٹی پی کے مرکزی وائس چیئرمین جام عبدالفتاح سمیجو کی کندھکوٹ آمد پر کارکنوں کی بڑی تعداد نے ان کا شاندار استقبال کیا، جبکہ تقریباً 500 افراد نے پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ تفصیلات کے مطابق گولا موڑ پر ضلعی صدر اکرم باجکانی کی قیادت میں کارکنوں نے (بقیہ نمبر 46)

ڈگری کے گورنمنٹ مین بوائز پرائمری سکول میں تقریب

اسماء سردار چوہدری کی جانب سے دو اساتذہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) ممتاز ماہر تعلیم اور ڈگری کے گورنمنٹ مین بوائز پرائمری اسکول کی ہیڈ محترمہ اسماء سردار چوہدری کی جانب سے اسکول کے ریٹائرڈ ہونے والے دو اساتذہ کے لئے شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ انھوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علم کی تدریس میں مشغول اساتذہ کا ہمارے معاشرے میں اہم ترین مقام و کردار ہے۔ وہ اس عظیم پیشے سے وابستہ ہیں جسے پیغمبری پیشہ کہا گیا ہے۔ کیونکہ(بقیہ نمبر 47)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان گورنر ہاؤس لاہور میں سابق رکن قومی اسمبلی سردار ذوالفقار علی ڈلہ کی قیادت میں ضلع چکوال کی 25 یونین کونسلز کے سابق چیئرمینوں سمیت دیگر سے خطاب کررہے ہیں

کاروکاری تنازع پر باجکانی اور چولیائی برادری میں خونی تصادم

جس کے نتیجے میں دو افراد عارب باجکانی اور ایاز چولیائی جاں بحق ہوئے تھے

سید سہیل احمد شاہ کی قیادت میں وفد نے جاری دشمنی کا خاتمہ کرکے امن بحال کر دیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندہ کوٹ غوثپور گاؤں فالجی چولیائی میں ایک سال قبل کاروکاری تنازع پر باجکانی اور چولیائی برادری کے درمیان ہونے والے خونی تصادم، جس کے نتیجے میں دو افراد عارب باجکانی اور ایاز چولیائی جاں بحق ہوئے تھے، کے تصفیے کے لیے معززین کا جرگہ متحرک ہو گیا ہے۔ غوثپور اور کندھکوٹ کے معززین، قبائلی عمائدین اور سیاسی و سماجی رہنماؤں پر مشتمل ایک منت میڑ قافلہ جمعیت علمائے اسلام کے رہنما سید سہیل احمد شاہ کی قیادت میں دونوں فریقین کے پاس پہنچا۔ وفد نے گلشیر باجکانی اور شوکت چولیائی سے الگ الگ ملاقاتیں کر کے ان پر زور دیا کہ جاری دشمنی کا خاتمہ کر کے علاقے میں امن بحال کیا جائے۔ اس موقع پر معززین کا کہنا تھا کہ ضلع کشمور کے مختلف علاقوں میں(بقیہ نمبر 48)

غوثپور میں ہندو برادری کے دو گھروں میں ڈکیتی

ضلع کشمور پولیس کا مرکزی ملزمان کو گرفتار کرنے کا دعوی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) غوثپور ضلع کشمور کی پولیس نے غوثپور میں ہندو برادری کے دو گھروں میں ہونے والی ڈکیتی کے مرکزی ملزمان کی گرفتاری کا دعویٰ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کندھکوٹ میں مددگار پولیس کے انچارج خلیل احمد لغاری نے ایس ایچ او قربان بنگوار کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ کچھ عرصہ قبل غوثپور کے سید محلہ اور مکھی محلہ میں ہندو تاجروں انجینئر لال اور جے پال داس کے گھروں میں مسلح افراد داخل ہوئے(بقیہ نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

7 منشیات سپلائر گرفتار م 12 کلو سے زائد چرس برآمد

منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 7 منشیات سپلائر گرفتار کرکے 12 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار اور ایئر پورٹ پولیس نے ایک ایک ملزم کو گرفتار کرکے 2/2 کلو گرام چرس برآمد کی، صادق آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 850 گرام چرس برآمد کی، صدر واہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 800 گرام چرس برآمد کی، چونترہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 704 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 480 گرام (بقیہ نمبر 50)

صدر لاہور بار ایسوسی ایشن عرفان حیات باجوہ جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

سی پی او کا تین شہریوں کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر نوٹس

ایس پی پوٹھوہار سے واقعہ کی رپورٹ طلب، ملوث ملزمان کی گرفتاری کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے تھانہ ٹیکسلا کے علاقے میں تین شہریوں کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر نوٹس لے لیا، ایس پی پوٹھوہار سے واقعہ کی رپورٹ طلب کر کے ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے تھانہ ٹیکسلا کے علاقے میں تین شہریوں کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر نوٹس لیتے ہوئے ایس پی پوٹھوہار سے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی، سی پی او نے ملوث ملزم/ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ ذاتی (بقیہ نمبر 51)

ایک ہفتہ قبل اغوا ہونیوالے بچے کی لاش نالے سے برآمد

لاش اڈیالہ روڈ پر واقع جراحی سٹاپ نالے سے ملی، اغواء کا مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی آر اے بازار سے ایک ہفتہ قبل اغوا ہونیوالے بچے کی لاش نالے سے برآمد ہوئی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ محمد زین سات اپریل کو لاپتہ ہوا، لاش اڈیالہ روڈ پر واقع جراحی سٹاپ نالے سے ملی، پولیس نے بچے کے اغوا کا مقدمہ درج کر رکھا تھا، بچے کی تلاش کیلئے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد بھی حاصل کی گئی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ پوسٹ مارٹم کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی گئی، واقعے کی تحقیقات جاری ہے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف ٹریفک پولیس کا کریک ڈاؤن

سی ٹی او راولپنڈی کے احکامات گوجرخان میں پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے پرانی سطح پر بحال، عوام کا اظہارِ تشکر

سرکل آفیسر چوہدری قاسم اور انچارج راجہ حسن ظہور ان ایکشن من مانے کرائے لینے والی گاڑیوں پر بھاری جرمانے عائد

گوجرخان (قمر شہزاد) ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے سٹی ٹریفک پولیس گوجرخان متحرک ہوگئی۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی خصوصی ہدایت پر سرکل آفیسر چوہدری محمد قاسم اور سیکٹر انچارج انسپکٹر راجہ حسن ظہور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ پبلک سروس وہیکلز کے خلاف بھرپور کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، پٹرول کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کی آڑ میں ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں خودساختہ اضافہ کر رکھا تھا، تاہم قیمتیں کم ہونے کے(بقیہ نمبر 52)



جہانگیر ترین گورنمنٹ شہدائے پی ایس میموریل ماڈل سکول میں کمپیوٹر لیب کا افتتاح کررہے ہیں

دنیا بھر میں مزارعین کے حقوق کا عالمی دن 18 اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مزارعین کے حقوق کا عالمی دن 18 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد زمین کا سینہ چیر کر فصلیں کاشت کرنے والے مزارعین کے حقوق کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے اس سلسلے میں انجمن مزارعین، کسان بورڈ، پاکستان کسان اتحاد، فارمز ایسوسی ایشن اور فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں کے زیراہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جس سے خطاب کرتے ہوئے(بقیہ نمبر 53)

راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث افغان ملزم گرفتار

لاکھوں روپے کی نقدی برآمد، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ سبزی منڈی پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث افغان ملزم گرفتار کرکے لاکھوں روپے کی نقدی برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری(بقیہ نمبر 54)

اے این ایف کی کارروائیاں، منشیات برآمد، 3 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے مختلف شہروں میں 3 کارروائیوں کے دوران 17.4 کلوگرام منشیات برآمد کرکے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق یہ کارروائیاں کوہاٹ، چارسدہ اور ملتان میں کی گئیں، کارروائیوں کے دوران 16 کلو 400 گرام چرس اور ایک کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمات درج کر لیے (بقیہ نمبر 55)

گیس بندش اور لو پریشر کی شکایات میں اضافہ

سوئی ناردرن گیس کمپنی کا شارٹ فال ہزار ایم ایم سی ایف ڈی سے تجاوز کرگیا

لاہور (این این آئی) گیس بندش اور لو پریشر کی شکایات عروج پر پہنچ گئیں، متبادل استعمال ہونے والی ایل پی جی بھی پہنچ سے دور ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق سوئی ناردرن گیس کمپنی کا شارٹ فال ہزار ایم ایم سی ایف ڈی سے تجاوز کرگیا، مشرق وسطی میں جنگی صورتحال کے باعث ایل این جی کی سپلائی رک گئی جس کے باعث ملک میں گیس بحران شدت اختیار کرگیا۔ ذرائع کے مطابق ایل این جی کی فراہمی رکنے کے باعث شارٹ فال میں مزید اضافہ(بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن

دو افغان شہریوں سمیت 37 مشکوک افراد، سات گاڑیاں، 18 موٹر سائیکل جانچ پڑتال کیلئے تھانے منتقل

پولیس ٹیموں نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو گرفتار کرکے ایک بندوق اور ایک پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کے دوران دو افغان شہریوں سمیت 37 مشکوک افراد، سات گاڑیاں اور 18 موٹر سائیکل جانچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا جبکہ پولیس ٹیموں نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو گرفتار کرکے ایک بندوق اور ایک پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت (بقیہ نمبر 57)

دوحہ: قطر کے وزیر مملکت برائے خارجہ امور سلطان بن سعد المراخی نے دوحہ ایئر پورٹ پہنچنے پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور پاکستانی وفد کا استقبال کیا

پنجاب حکومت نے تین افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

ممبر پنجاب ریونیو اتھارٹی سرفراز احمد باجوہ کو تبدیل کر کے او ایس ڈی بنا دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تین افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ ممبر پنجاب ریونیو اتھارٹی سرفراز احمد باجوہ کو تبدیل کرکے او ایس ڈی بنا دیا گیا، انہیں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا، نیب الرحمان(بقیہ نمبر 58)

ایف آئی اے کی کارروائی، ویزا فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی کے انسداد انسانی سمگلنگ سرکل نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے مائیگرینٹ سمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم ظفر حسین کو لاہور میں چھاپہ مار کارروائی کے دوران گرفتار کیا گیا، ملزم شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کے نام پر بھاری رقوم وصول کرنے میں ملوث تھا۔ تحقیقات کے مطابق ملزم نے ایک شہری کو آذربائیجان کے ورک (بقیہ نمبر 59)

10 تولہ طلائی زیورات کی چوری کا معمہ حل

چوری میں ملوث گھریلو ملازمہ اور اس کا خاوند گرفتار، مال مسروقہ برآمد

کھاریاں (این این آئی) تھانہ صدر پولیس نے 50 لاکھ روپے مالیت کے 10 تولہ طلائی زیورات کی چوری چند روز میں ٹریس کر لی چوری میں ملوث گھریلو ملازمہ اور اس کا خاوند گرفتار، مال مسروقہ برآمد تفصیلات کے مطابق، تھانہ صدر پولیس کو مورخہ 10 اپریل 2026 کو محلہ احمد آباد نزد گنجہ موڑ کے رہائشی مسمی افتخار احمد کی جانب سے درخواست موصول ہوئی کہ اہل خانہ کی غیر موجودگی میں اس کے گھر سے الماری میں رکھے 10 تولہ طلائی (بقیہ نمبر 60)

کتب اور حقوق اشاعت کا عالمی دن 23 اپریل کو منایا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کتب اور حقوق اشاعت کا عالمی دن 23 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد کتب بینی، اشاعت کتب اور اس کی حقوق اشاعت کے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے۔ اس دن کے حوالے سے سماجی اور ادبی تنظیموں کی جانب سے کتب کی نمائش سمیت دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کتب بینی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کتب کے مصنفین کے(بقیہ نمبر 61)

لاہور: ایف پی سی سی آئی کے ریجنل چیئرمین ونائب صدر کی اعجاز، چیئرپرسن پی آر اے معظم اقبال سپرا کو شیلڈ پیش کررہے ہیں

پسند کی شادی کرنے والے جوڑے سمیت 3 افراد کو قتل کردیا گیا

قتل کیے گئے دانش کی بھابھی بھی شامل ہیں، ملزم نجیب اللہ مقتولین کو تیز دھار آلے سے قتل کیا اور فرار ہوگیا

فرانزک ٹیمیں موقعہ پر موجود شواہد اکٹھے کیئے جارہے ہیں۔ مقتولین کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کردی ہیں

ٹیکسلا (این این آئی) تھانہ ٹیکسلا کے علاقہ میں پسند کی شادی کرنے والے جوڑے سمیت 3 افراد کو قتل کردیا گیا، مقتول دانش اکرم نے سیما گل سے پسند کی شادی کی تھی، قتل ہونے والے دانش کی بھابھی بھی شامل، ملزم نجیب اللہ مقتولین کو تیز دھار آلے سے قتل کیا اور فرار ہوگیا، آئی جی پنجاب نے واقع کا نوٹس لیتے ہوئے سی پی او راولپنڈی سے رپورٹ طلب کرلی ہے، پسند کی شادی کے تنازعہ پر دو خواتین سمیت تین افراد کے قتل کا واقعہ ٹیکسلا کے علاقہ مشرقی آباد گلی نمبر 5 میں پیش آیا، پسند کی(بقیہ نمبر 63)

گرمی کی شدت مزید بڑھ گئی، بدین لوڈشیڈنگ جاری

شارٹ فال بھی 5700 میگاواٹ سے تجاوز کرگیا، پانی کی بھی شدید قلت

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت بالائی علاقوں میں گرمی کی شدت مزید بڑھ گئی جس کی وجہ سے بجلی کی طلب میں بھی اضافہ ہوگیا، ملک بھر میں غیر لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے، بجلی کی بندش سے پانی کی قلت بھی پیدا ہونا شروع ہوگئی۔ ملک بھر میں توانائی کا بحران شدت اختیار کرگیا ہے۔ پاور ڈویژن ذرائع کے مطابق ملک میں بجلی کا شارٹ فال 5 ہزار 726 میگاواٹ تک پہنچ گیا ہے، بجلی کی پیداوار 14 ہزار 274 میگاواٹ جبکہ بجلی کی طلب 20 ہزار میگاواٹ ہے۔ ملک میں پن بجلی کی پیداوار 1 ہزار 530 میگاواٹ، تھرمل پیداوار 7 ہزار 814 میگاواٹ ہے۔ اس کے علاوہ ملک میں سولر پیداوار (بقیہ نمبر 62)